Adda247 GET IT ON Google Play

Exam Date- 20.10.21

प्रश्न पुस्तिका संख्या / Question Booklet No. 6702537

पुस्तिका में पृष्ठों की संख्या : 32
No. of Pages in Booklet : 32
पुस्तिका में प्रश्नों की संख्या : 150
No. of Questions in Booklet : 150
Paper Code : 19
SUBJECT : Urdu

# LS-22

समय : 3.00 घण्टे
Time: 3.00 Hours

## Paper-II

अधिकतम अंक : 300
Maximum Marks: 300

**प्रश्न पुस्तिका के पेपर सील/पॉलिथिन बैग को खोलने पर परीक्षार्थी यह सुनिश्चित कर लें कि प्रश्न पुस्तिका संख्या तथा ओ.एम.आर. उत्तर–पत्रक पर अंकित बारकोड समान हैं। इसमें कोई भिन्नता हो, तो परीक्षार्थी वीक्षक से दूसरा प्रश्न–पत्र प्राप्त कर लें। ऐसा सुनिश्चित करने की जिम्मेदारी अभ्यर्थी की होगी।**

**On opening the paper seal/ polythene bag of the Question Booklet the candidate should ensure that Question Booklet Number and Barcode of OMR Answer Sheet must be same. If there is any difference, candidate must obtain another Question Booklet from Invigilator. Candidate himself shall be responsible for ensuring this.**

### परीक्षार्थियों के लिए निर्देश

1. सभी प्रश्नों के उत्तर दीजिए।
2. सभी प्रश्नों के अंक समान हैं।
3. प्रत्येक प्रश्न का केवल एक ही उत्तर दीजिए।
4. एक से अधिक उत्तर देने की दशा में प्रश्न के उत्तर को गलत माना जाएगा।
5. प्रत्येक प्रश्न के चार वैकल्पिक उत्तर दिये गये हैं, जिन्हें क्रमशः 1, 2, 3, 4 अंकित किया गया है। अभ्यर्थी को सही उत्तर निर्दिष्ट करते हुए उनमें से केवल एक गोले अथवा बबल को उत्तर–पत्रक पर **नीले बॉल प्वॉइंट पेन** से गहरा करना है।
6. **OMR** उत्तर–पत्रक इस परीक्षा पुस्तिका के अन्दर रखा है। जब आपको परीक्षा पुस्तिका खोलने को कहा जाए, तो उत्तर–पत्रक निकाल कर ध्यान से केवल **नीले बॉल प्वॉइंट पेन** से विवरण भरें।
7. **प्रत्येक गलत उत्तर के लिए प्रश्न अंक का 1/3 भाग काटा जायेगा।** गलत उत्तर से तात्पर्य अशुद्ध उत्तर अथवा किसी भी प्रश्न के एक से अधिक उत्तर से है। किसी भी प्रश्न से संबंधित गोले या बबल को खाली छोड़ना गलत उत्तर नहीं माना जायेगा।
8. मोबाइल फोन अथवा इलेक्ट्रॉनिक यंत्र का परीक्षा हॉल में प्रयोग पूर्णतया वर्जित हैं। यदि किसी अभ्यर्थी के पास ऐसी कोई वर्जित सामग्री मिलती है, तो उसके विरुद्ध आयोग द्वारा नियमानुसार कार्यवाही की जायेगी।
9. कृपया अपना रोल नम्बर ओ.एम.आर. पत्रक पर सावधानी पूर्वक सही भरें। गलत अथवा अपूर्ण रोल नम्बर भरने पर **5 अंक** कुल प्राप्तांकों में से काटे जा सकते हैं।
10. यदि किसी प्रश्न में किसी प्रकार की कोई मुद्रण या तथ्यात्मक प्रकार की त्रुटि हो, तो प्रश्न के हिन्दी तथा अंग्रेज़ी रूपान्तरों में से अंग्रेज़ी रूपान्तर मान्य होगा।

**चेतावनी** : अगर कोई अभ्यर्थी नकल करते पकड़ा जाता है या उसके पास से कोई अनधिकृत सामग्री पाई जाती है, तो उस अभ्यर्थी के विरुद्ध पुलिस में प्राथमिकी दर्ज कराते हुए विविध नियमों–प्रावधानों के तहत कार्यवाही की जाएगी। साथ ही विभाग ऐसे अभ्यर्थी को भविष्य में होने वाली विभाग की समस्त परीक्षाओं से विवर्जित कर सकता है।

### INSTRUCTIONS FOR CANDIDATES

1. Answer all questions.
2. All questions carry equal marks.
3. Only one answer is to be given for each question.
4. If more than one answers are marked, it would be treated as wrong answer.
5. Each question has four alternative responses marked serially as **1, 2, 3, 4**. You have to darken only one circle or bubble indicating the correct answer on the Answer Sheet using **BLUE BALL POINT PEN.**
6. The **OMR** Answer Sheet is inside this Test Booklet. When you are directed to open the Test Booklet, take out the Answer Sheet and fill in the particulars carefully with **blue ball point pen** only.
7. **1/3 part of the mark(s) of each question will be deducted for each wrong answer.** A wrong answer means an incorrect answer or more than one answers for any question. Leaving all the relevant circles or bubbles of any question blank will not be considered as wrong answer.
8. Mobile Phone or any other electronic gadget in the examination hall is strictly prohibited. A candidate found with any of such objectionable material with him/her will be strictly dealt as per rules.
9. Please correctly fill your Roll Number in O.M.R. Sheet. **5 Marks** can be deducted for filling wrong or incomplete Roll Number.
10. If there is any sort of ambiguity/mistake either of printing or factual nature, then out of Hindi and English Version of the question, the English Version will be treated as standard.

**Warning :** If a candidate is found copying or if any unauthorized material is found in his/her possession, F.I.R. would be lodged against him/her in the Police Station and he/she would liable to be prosecuted. Department may also debar him/her permanently from all future examinations.

**इस परीक्षा पुस्तिका को तब तक न खोलें जब तक कहा न जाए।**

**Do not open this Test Booklet until you are asked to do so.**

Adda247

# Test Prime

## ALL EXAMS, ONE SUBSCRIPTION

**80,000+** Mock Tests

Personalised Report Card

Unlimited Re-Attempt

**600+** Exam Covered

**20,000+** Previous Year Papers

**500%** Refund

IBPS

NABARD

INDIAN RAILWAYS

ATTEMPT FREE MOCK NOW

1. احمد جمال پاشا زمانۂ طالب علمی میں کس رسالے کے مدیر ہوئے؟

(1) آج کل

(2) احتساب

(3) اردوادب

(4) اسکالر

2. کلیم الدین احمد کی تصنیف کا نام ہے؟

(1) تنقیدی دبستان

(2) اردو تنقید پر ایک نظر

(3) اردو نثر کا تنقیدی مطالعہ

(4) اردو تنقید کا ارتقاء

3. خاکہ "میر باقر علی داستان گو" کس نے لکھا ہے؟

(1) احمد جمال پاشا

(2) مولوی عبدالحق

(3) شاہد احمد دہلوی

(4) بلونت سنگھ

4. میر باقر علی نے 60 سال کی عمر میں کون سے کالج میں داخلہ لیا؟

(1) دہلی کالج

(2) طبیہ کالج۔ دلی

(3) فورٹ ولیم کالج

(4) سینٹ اسٹیفن کالج

5. "مشبہ بہ" کا تعلق ہے؟

(1) تجاہل عارفانہ سے

(2) مبالغہ سے

(3) تشبیہ سے

(4) کنایہ سے

Adda247 GET IT ON Google Play

6. اصطلاح میں جان بوجھ کر انجان بننے کو کہتے ہیں؟
(1) استعارہ
(2) مبالغہ
(3) تجاہل عارفانہ
(4) تشبیہ

7. اصطلاح میں غزل کے پہلے شعر کو کہتے ہیں؟
(1) مقطع
(2) مطلع
(3) حسن مطلع
(4) زیب مطلع

8. قصیدے کی ابتدا کس زبان سے ہوئی؟
(1) عربی
(2) فارسی
(3) ترکی
(4) اردو

9. "گریز" کس صنف کے اجزائے ترکیبی کا حصہ ہے؟
(1) قصیدہ کا
(2) مثنوی کا
(3) مرثیہ کا
(4) واسوخت کا

10. "رجز" کس صنف سخن کا جزو ہے؟
(1) قصیدہ
(2) مرثیہ
(3) مثنوی
(4) قطعہ

11. مرثیہ کے لئے سب سے پہلے کس شاعر نے مسدس کی ہیئت استعمال کی؟
(1) میر ضمیر
(2) میر انیس
(3) میر خلیق
(4) مرزا محمد رفیع سودا

12. اردو کے پہلے ناول نگار ہیں؟
(1) پریم چند
(2) کرشن چندر
(3) ڈپٹی نذیر احمد
(4) سعادت حسین منٹو

13. لفظ "ناول" کس زبان سے ماخوذ ہے؟
(1) اطالوی زبان سے
(2) فارسی زبان سے
(3) عربی زبان سے
(4) فرانسیسی زبان سے

14. "وحدت تاثر" کس صنف کے اجزائے ترکیبی کا حصہ ہے؟
(1) ناول
(2) داستان
(3) افسانہ
(4) ڈراما

15. مندرجہ ذیل اقتباس کس ڈرامے سے ماخوذ ہے؟
"تو کیا ہم اس زبان کو کاٹ کر پھینک دیں جو راحت میں اظہارِ شکر اور مصیبت میں طالب رحم کے لئے اپنے خالق و مالک کا نام لیتی ہے".
(1) ضحاک
(2) یہودی کی لڑکی
(3) خوبصورت بلا
(4) دل کی پیاس

Adda247 GET IT ON Google Play

16. ڈرامہ "یہودی کی لڑکی" میں مارکس کی محبوبہ کا کیا نام ہے؟
(1) راحیل
(2) عذرا
(3) جنّا
(4) جوز

17. امر سندری پارٹی کے مجسمے کا ذکر کس افسانے میں آیا ہے؟
(1) فوٹو گرافر
(2) آوارہ گرد
(3) حسب نسب
(4) دوسیاح

18. افسانہ "فوٹو گرافر" میں زندگی کی کس حقیقت کو بیان کیا گیا ہے؟
(1) دنیا مہمان خانہ
(2) دنیا رنگ برنگی
(3) دنیا ایک اسٹیج
(4) دنیا ایک رنگ محل

19. افسانہ نگار نے "لمحے" کی کہانی کو کس کردار کی زبانی بیان کیا ہے؟
(1) عورت کی زبان سے
(2) سلطانہ کی زبان سے
(3) رچی رام کی زبان سے
(4) اماکانت کی زبان سے

20. رچی رام کون ہے؟
(1) وکیل
(2) ڈاکٹر
(3) پروفیسر
(4) انجینئر



Adda247

21. سریندر پرکاش کو کس افسانوی مجموعے پر ساہتیہ اکاڈمی ایوارڈ سے نوازا گیا؟

(1) بازگوئی

(2) دوسرے آدمی کا ڈرائنگ روم

(3) برف پر مکالمہ

(4) حاضر، حال پوری

22. منشی پریم چند کے ناول گئودان کے مرکزی کردار "ہوری" کو سریندر پرکاش نے اپنے کس افسانے میں زندہ دکھایا ہے؟

(1) سرکس

(2) سرنگ

(3) بجوکا

(4) بازگوئی

23. اقبال مجید کی جائے پیدائش ہے؟

(1) بارہ بنکی

(2) لکھنؤ

(3) سیتاپور

(4) ہردوئی

24. "فصل اگانا توہین آمیز کام سمجھنے لگے ہیں" افسانہ "سکون کی نیند" کے اس جملے میں "توہین آمیز" کے کیا معنی ہیں؟

(1) سکون سے بھرا ہوا

(2) ذلّت سے بھرا ہوا

(3) عزّت سے بھرا ہوا

(4) دکھ سے بھرا ہوا

25. خواجہ حسن نظامی کا انتقال کب ہوا؟

(1) 1960ء

(2) 1948ء

(3) 1955ء

(4) 1939ء

26. ''مچھر'' کا تعلق کس صنف سے ہے؟

(1) مرثیہ

(2) قصیدہ

(3) انشائیہ

(4) ناول

27. احتشام حسین نے مندرجہ ذیل میں سے کون سی کتاب لکھی؟

(1) تاریخ ادب اردو

(2) اردو کی کہانی

(3) دبستانِ ادب

(4) اردو ادب کی تاریخ

28. خوجی کہاں اپنے دفن ہونے کی وصیت کرتا ہے؟

(1) والد کے پہلو میں

(2) ماں کے پہلو میں

(3) دادا کے پہلو میں

(4) چچا کے پہلو میں

29. ترقی پسند ادیبوں کی پہلی کانفرنس کب اور کہاں منعقد ہوئی؟

(1) اپریل 1935ء حیدرآباد

(2) اپریل 1931ء کانپور

(3) اپریل 1933ء کلکتہ

(4) اپریل 1936ء لکھنؤ

30. جدیدیت کو عام کرنے میں کس رسالے نے بنیادی کردار ادا کیا؟

(1) نیا دور

(2) آج کل

(3) شب خون

(4) معیار

31. تعلیمی نفسیات تدریسی ماحول میں کس کے برتاؤ سے متعلق ہے؟

(1) متعلم (Learner)

(2) مریض

(3) کامدار (Worker)

(4) والدین

32. درج ذیل میں کون سا قول تعلیمی نفسیات کے سیاق میں درست نہیں ہے؟

(1) متعلم کے برتاؤ کا مطالعہ

(2) یہ مکمل سائنس نہیں ہے

(3) یہ ایک معیاری سائنس ہے (Normetive Science)

(4) یہ سائنس نقطۂ نظر کو اختیار کرتی ہے

33. کوہل برگ (Kohl berg) کے مطابق مندرجہ ذیل میں سے کون سا اخلاقی نشو و نما کا ایک مرحلہ ہے؟

(1) حسی حرکی کا مرحلہ

(2) رسمی تفاعلی کا مرحلہ

(3) ماقبل روایتی مرحلہ

(4) ماقبل تفاعلی مرحلہ

34. نوبلوغت کے دور میں سلوک کرنے کا کون سا طریقہ درست نہیں ہے؟

(1) مناسب رہنمائی فراہم کرنا

(2) اخلاقی تعلیم فراہم کرنا

(3) سخت تادیبی تفاعل (Strict Disciplinary action)

(4) مناسب جنسی تعلیم فراہم کرنا

35. رسمی تفاعلی مرحلے (Formal opretional Stage) کو اس طرح بیان کیا جاسکتا ہے؟

(1) مادی تفکر (Conerele thinking)

(2) تصور سازی کی ابتدا

(3) تجریدی استدلالی فکر (Abstiact Loginal Thinking)

(4) اچھے کام کرنے والی صلاحیت کا آغاز

36. نوبالغوں (Adolscents) میں خاندانی ٹکراؤ کی وجہ عام ہے؟

(الف) نظم وضبط کا طریقہ

(ب) بھائی بہنوں کے ساتھ تعلق

(ج) ناپختہ برتاؤ

مذکورہ بالا خصوصیات کا استعمال کرتے ہوئے صحیح متبادل کی نشاندہی کیجئے۔

(1) حرف (الف)

(2) حرف (ب)

(3) حرف (ب) اور (ج)

(4) (الف)، (ب)، اور (ج) سبھی

37. تھورن ڈائک (Thorndike) کے ذریعے پیش کیے گئے خیالات ونظام کو جانا جاتا ہے؟

(1) ارتباطیت (Connectionism)

(2) کلاسیکی مشروطیت

(3) تفاعلی مشروطیت

(4) گیسٹالیٹی نظریہ (Gestalist)

38. ذیل میں کون سی حالت تعمیر پسندی (Constructivism) کو بڑھاوا نہیں دیتی؟

(1) قیام پذیر آموزش

(2) وقوفی اپرنٹس شپ (Cognitive Apperemticeship)

(3) کثیر تناظر

(4) مصنوعی پروگرام (Semulation Programme)

39. تدریس کا وقوفی نقطۂ نظر (Cognative approach) توجہ مرکوز ہے؟

(1) منظم اور بامعنی سبق کی پیش کش

(2) فوری رائے (Immediate feed back)

(3) راست ہدایت

(4) منظم رہنما مشق

40. سیکھنے کا برتاوی اصولوں (Baharourist Principle) کے مطابق طالب علم کا کردار کیا ہے:؟

(1) معلومات پر فعال عمل کرنے والا اور حکمت عملی کو استعمال کرنے والا (Processor)

(2) فعال مفکر اور تجزیہ کار

(3) فعال سامع اور ہدایات کو ماننے ولا

(4) فعال ہم تعمیریت اور سماجی حصہ دار

Adda247
GET IT ON Google Play

41. ذیل میں کون سا مطابقت کے حصول (Achieving adjustment) کے لیے راست طریقہ (direct Method) ہے۔؟

(1) جبریہ (Repression)
(2) رجعت (Regression)
(3) اضلال (عکس کو بڑا کر کے دکھانا) (Projection)
(4) جارحانہ برتاؤ قبول کرنا

42. جذباتی ذہانت (Emotional Intelliganes) کی کون سی جہت (Dammenssion) ہندوستانی تناظر میں نہیں ہے۔؟

(1) جذباتی عدم تعاون (Emotional Imbalance)
(2) جذباتی قابلیت (Emotional Competancy)
(3) جذباتی پختگی (Emotional Maturity)
(4) جذباتی حسیّت (Emotional Sensitivity)

43. درجے (Class room) میں ابلاغ و ترسیل (Communication) کی صحیح ترتیب ہے؟

(1) استاد مواد ۔ مواصلاتی چینل ۔ طلبا
(2) مواد ۔ استاد مواصلاتی چینل ۔ طلبا
(3) استاد مواصلاتی چینل ۔ مواد ۔ طلبا
(4) مواد ۔ مواصلاتی چینل ۔ استا ۔ طلبا

44. اوصاف اور اوصاف کی اقدار کس ماڈل کے نحو سے متعلق اجزاء ہیں؟

(1) تصورات کے حصول کا ماڈل
(2) جدید تنظیم کار ماڈل
(3) تفتیش تربیت کا ماڈل
(4) معلومات کی عمل کاری کا ماڈل

45. پیشگی منتظم ماڈل (Advance Organiter Model) میں استاد کا کردار ہے؟

(1) آزاد دانشوارانہ ماحول مہیا کرنا
(2) سبھی حرکات پر قابو رکھنا لیکن بحث و مباحثہ کی آزادی دینا
(3) بامعنی ترتیب کے ساتھ مواد مہیا کرانا
(4) معلومات کا تجزیہ کرانا

Adda247
GET IT ON Google Play

46. (Audio - Visual) امدادی اشیاء کی ضروریات کا انتخاب ہونا چاہیئے؟
(1) سیکھنے اور جانچنے کا طریقہ
(2) سیکھنے کی ساخت اور سیکھنے کا مقصد (Learning Structure and Learning Objectives)
(3) حوصلہ افزائی
(4) استاد کی دل چسپی

47. ذیل میں کمپیوٹر کون سا پروگرام ہدایت دینے میں تعاون کرتا ہے؟
(1) یہ طلبا کو تدریسی اکتسابی عمل (Teaching Learning Process) میں متحرک طور پر مشغول رکھتا ہے۔
(2) یہ طلبا کو سیکھنے کے تئیں ذمہ دار بناتا ہے۔
(3) یہ قائدانہ مہارت (Leadership Skil) کو کم کرتا ہے۔
(4) یہ ابلاغ و ترسیل (Communication Skill) کو بڑھاتا ہے۔

48. ذیل میں کون سا کام (Function) سرچ انجن (Search Engine) کا نہیں ہے؟
(1) وہ کلیدی الفاظ کی مدد سے انٹرنیٹ (Internet) پر تلاش کرتے ہیں۔
(2) وہ صارف (User) کو کلیدی الفاظ کی بنیاد پر مواد تلاش کرنے میں سہولت فراہم کرتے ہیں۔
(3) وہ الفاظ اور مواد کو تلاش کرنے کے لئے فہرست سازی (Index) کرتے ہیں۔
(4) وہ احاطے (Compus) کے اندر مہیا وسائل تک رسائی کراتے ہیں۔

49. نظام طرز رسائی (System Approach) میں ماحصل سے مراد ہے؟
(1) متعلم میں متوقع برتاوی تبدیلیاں
(2) آموزشی تجربات کے ذرائع و آلات
(3) تدریسی اکتسابی عمل کا تجزیہ
(4) اسکولی ماحول

50. ذیل میں کمپیوٹر کون سا پروگرام ہدایات دینے میں مدد کرتا ہے؟
(1) ڈرل اور مشق (Drill amd Practice)
(2) ٹیوٹوریل (Tutorial)
(3) مصنوعی اور کھیل (Simulation and game)
(4) کھیل کے میدان کی جانچ پرکھ (Field Testing)

51. اردو میں مختصر افسانے کا آغاز ہوا؟

(1) انیسویں صدی میں

(2) بیسوی صدی میں

(3) اکیسویں صدی میں

(4) اٹھارویں صدی میں

52. ''کسی شخص کی منفرد اور نمایاں خصوصیات کی مکمل تصویر کشی'' کس صنف میں کی جاتی ہے؟

(1) ڈرامے میں

(2) افسانے میں

(3) خاکے میں

(4) ناول میں

53. صنم! تیرے نین کی آرزو میں کھو سالم کھو بیمار ہیں ہم یہ شعر کس شاعر کا ہے؟

(1) انیس

(2) ناسخ

(3) ولی دکنی

(4) درد

54. مندرجہ ذیل میں سے کون سا شاعر اپنی تصوفانہ شاعری میں مشہور ہوا؟

(1) مرزا محمد رفیع سودا

(2) انعام اللہ خاں یقین

(3) خواجہ میر درد

(4) میر تقی میر

55. میر کے سوتیلے ماموں کا کیا نام تھا؟

(1) سراج اورنگ آبادی

(2) سراج الدین علی خاں آرزو

(3) سراج انور

(4) سراج عظیم

Adda247 GET IT ON Google Play

56. معین احسن جذبی کا ابتدائی تخلص تھا؟

(1) کمال

(2) بلال

(3) ہلال

(4) ملال

57. ناصر کاظمی کہاں پیدا ہوئے؟

(1) انبالہ

(2) پٹیالہ

(3) امرت سر

(4) چنڈی گڑھ

58. ”آدمی نامہ“ کس کی نظم ہے؟

(1) نظیر اکبر آبادی

(2) ن۔م۔راشد

(3) اسماعیل میرٹھی

(4) جذبی

59. اسماعیل میرٹھی کی تاریخ پیدائش کیا ہے؟

(1) 1841ء

(2) 1843ء

(3) 1844ء

(4) 1848ء

60. رباعیات اسمٰعیل میرٹھی: مرتبہ محمد اسلم پرویز: ص نمبر:5 الکوثر پبلیکیشنز۔ سبزی باغ پٹنہ: 2012ء
اکبر نے شاعری کی ابتدا میں اپنی غزلوں پر کس شاعر سے اصلاح کی؟

(1) خان آرزو

(2) ذوق

(3) غلام حسین وحید

(4) غالب

61. ”بساطِ رقص“ کس شاعر کا شعری مجموعہ ہے؟
(1) جاں نثار اختر
(2) ناصر کاظمی
(3) جان نثار اختر
(4) مخدوم محی الدین

62. ”ماورا“ کس شاعر کا پہلا شعری مجموعہ ہے؟
(1) مخدوم محی الدین
(2) ن۔م۔راشد
(3) اسرارالحق مجاز
(4) اختر الایمان

63. ”نمک خوانِ تکلم ہے فصاحت میری“ کس شاعر کا مشہور مرثیہ ہے؟
(1) میر ضمیر
(2) میر خلیق
(3) میر انیس
(4) مرزا دبیر

64. میر انیس کے والد کا کیا نام تھا؟
(1) میر ضاحک
(2) میر حسن
(3) میر خلیق
(4) میر ضمیر

65. میر انیس کا انتقال کس سن میں ہوا؟
(1) 1873ء
(2) 1874ء
(3) 1872ء
(4) 1875ء

66. رباعی کے لیے فن کے اساتذہ نے کتنے اوزان مقرر کیے ہیں؟

(1) 12
(2) 25
(3) 24
(4) 16

67. "روحِ رواں" کس کا شعری مجموعہ ہے؟

(1) جگت موہن لال
(2) امجد حیدرآبادی
(3) جگر مرادآبادی
(4) شاد عظیم آبادی

68. امجد حیدرآبادی کا پورا نام کیا تھا؟

(1) امجد حسین
(2) سید محمد حسین
(3) سید محمد حسنین
(4) سید احمد حسن

69. اختر شیرانی کے والد کا نام ہے؟

(1) احمد خاں شیرانی
(2) محمود خاں شیرانی
(3) محبوب خاں شیرانی
(4) منصور خاں شیرانی

70. میراجی کا انتقال کب ہوا؟

(1) 1954ء
(2) 1947ء
(3) 1951ء
(4) 1953ء

Adda247
GET IT ON Google Play

71. سلام مچھلی شہری کی نظموں کا مجموعہ ہے؟
(1) ماورا
(2) خواب وخیال
(3) میرے نغمے
(4) پنہاری

72. ''شاعر مزدور'' کس شاعر کو کہا جاتا ہے؟
(1) احسان دانش
(2) میراجی
(3) اختر شیرانی
(4) مجاز لکھنوی

73. ڈرامہ ''دروازے کھول دو'' کا کردار ہے؟
(1) کریم اللہ
(2) عظیم اللہ
(3) انیس اللہ
(4) خلیل اللہ

74. ڈرامہ ''دروازے کھول دو'' میں شکورا کون ہے؟
(1) ملازم
(2) انجینئر
(3) بدانستی دلال
(4) بڑھئی

75. کمل کنج کے مالک کون ہیں؟
(1) پنڈت دین دیال
(2) پنڈت رام دیال
(3) پنڈت منشی دیال
(4) پنڈت چھگن لال

Adda247

Adda247 GET IT ON Google Play

76. ''تو کیا ہندوؤں کے لئے اردو بولنا گناہ ہے'' پتاجی لاکھوں ہندو ہیں اس دیش میں جو اردو لکھتے پڑھتے اور بولتے ہیں۔ اس کے ادب پر سر دھنتے ہیں۔ اس کی شاعری پر جان دیتے ہیں۔'' یہ اقتباس کس ڈرامے سے ماخوذ ہے؟

(1) ضحاک
(2) انارکلی
(3) دروازے کھول دو
(4) دھانی بانکپن

77. بیوہ ناول میں ''بیوہ'' کون ہے؟

(1) پرتھرکنا
(2) پورنیا
(3) سوسترا
(4) دیوکی

78. منشی پریم چند کا پہلا قلمی نام کیا تھا؟

(1) جگن ناتھ رائے
(2) جگدیش رائے
(3) نواب رائے
(4) امرت رائے

79. ناول ''بیوہ'' میں کاشی کے آریہ مندر میں کس کی تقریر ہو رہی تھی؟

(1) رام ناتھ
(2) سوم ناتھ
(3) دان ناتھ
(4) پنڈت امرناتھ

80. زمین پر تاریکی پھیل رہی تھی اور بجر الہروں پر تھرتھرا ہوا چلا جاتا تھا۔ اسی بجرے کی طرح امرت رائے کا دل بھی متحرک ہو رہا تھا مگر وان ناتھ ساکت بیٹھے ہوئے تھے گویا کوئی تیر لگ گیا ہو۔ دفعتاً انھوں نے کہا۔ کیا تم نے مجھے بڑا دھوکا دیا ہے۔'' یہ اقتباس پریم چند کے کس ناول سے ماخوذ ہے۔

(1) گئودان
(2) گوشۂ عافیت
(3) بیوہ
(4) اسرارِ معابد

81. بیٹا مشاہرے اور عہدے کا مطلق خیال نہ کرنا۔ یہ تو میر کا مزار ہے نگاہ چڑھاوے اور چادر پر رکھنی چاہیئے۔ ایسا کام ڈھونڈھنا جہاں کچھ بالائی رقم کی آمد ہو۔ یہ جملے کس نے کس سے کہے؟

(1) منشی جی نے بنسی دھر سے
(2) منشی جی نے الوپی دین سے
(3) منشی جی نے بدلو سنگھ سے
(4) منشی جی نے جگن ناتھ سے

82. پریم چند کی پیدائش کس علاقے میں ہوئی؟

(1) بنارس
(2) فیض آباد
(3) کاکی پور
(4) لکھنؤ

83. ''لمبی لڑکی'' کس کا افسانوی مجموعہ ہے؟

(1) راجندر سنگھ بیدی
(2) اختر اورینوی
(3) سعادت حسن منٹو
(4) سلطان حیدر جوش

84. ''افسانہ لاجونتی میں ''دل میں بساؤ'' پروگرام میں کس کو بسانے کی بات کہی گئی ہے؟

(1) پریشان حال لوگوں کو
(2) یتیم بچوں کو
(3) مغویہ عورتوں کو
(4) دربدر لوگوں کو

85. ''منگو کوچوان'' کس افسانے کا کردار ہے؟

(1) لاجونتی
(2) ٹھنڈا گوشت
(3) نیا قانون
(4) کالی شلوار

Adda247
GET IT ON Google Play

86. سعادت حسن منٹو کا انتقال کب اور کہاں ہوا؟

(1) 1944ء دہلی

(2) 1955ء لاہور

(3) 1966ء کلکتہ

(4) 1977ء حیدرآباد

87. سجاد حیدر یلدرم کو کس زبان کے افسانوں نے سب سے متاثر کیا؟

(1) انگریزی

(2) عربی

(3) فرانسیسی

(4) ترکی

88. "ان کا آنا بھونچال سے کم نہیں ہے۔ جب وہ آتے ہیں تو میں کہتا ہوں کوئی آ رہا ہے، قیامت نہیں ہے" یہ جملہ سجاد حیدر یلدرم نے کس دوست کے لئے کہے ہیں۔؟

(1) شاکر خان صاحب

(2) احمد مرزا

(3) محمد تحسین

(4) راجہ طالب علی

89. مرزا فرحت اللہ بیگ کے اجداد کس بادشاہ کے عہد میں ہندوستان آئے؟

(1) بابر کے عہد میں

(2) شاہ عالم ثانی کے عہد میں

(3) اورنگ زیب کے عہد میں

(4) اکبر کے عہد میں

90. انشائیہ "یار باش" میں فرحت اللہ بیگ نے کس دوست کو "یار باش" کہا ہے؟

(1) احمد

(2) محمود

(3) خالد

(4) احسن اللہ خاں

Adda247
GET IT ON Google Play

91. "وہ گھبرا کے مچھر کھڑکی کی طرف بھاگا اور ٹکرتا لہراتا کھڑکی تک پہنچا۔ اس کو کھولا اور دیکھا کہ ہوا کچھ ٹھری ہے اور بجلی کی چمک کچھ تھمی ہے۔ پر رات ویسی ہی اندھیری ہے۔ اس کی گھبراہٹ کچھ کم ہوئی۔ اور پھر اپنی جگہ آبیٹھا۔ یہ اقتباس کس مضمون سے اخذ کیا گیا ہے؟

(1) تعصب

(2) امید کی خوشی

(3) گزرا ہوا زمانہ

(4) انسان کے خیالات

92. "خطباتِ احمدیہ" کا پہلا مسودہ کہاں سے شائع ہوا تھا؟

(1) علی گڑھ

(2) لاہور

(3) لندن

(4) امریکہ

93. لف ونشر کے معنی ہیں۔

(1) ادھار مانگنا

(2) بکھیرنا

(3) پھیلانا اور لپیٹنا

(4) لپیٹنا اور پھیلانا

94. بازارِ دہر میں تیری منزل کہاں نہ تھی　　یوسف نہ جس میں ہو کوئی ایسی دوکاں نہ تھی　　اس شعر میں کون سی صفت استعمال کی گئی ہے؟

(1) صفتِ تضاد

(2) صفتِ تلمیح

(3) تجاہلِ عارفانہ

(4) صفتِ توجیہہ

95. "گاہ جیتا ہوں گاہ مرجاتا ہوں۔۔۔ آنا جانا تیرا قیامت ہے" اس شعر میں صنعت ہے؟

(1) صنعتِ مراعات النظیر

(2) صنعتِ تضاد

(3) صنعتِ تلمیح

(4) صنعتِ ایہام

Adda247
GET IT ON Google Play

96. دل کے نالوں سے جگر دُکھنے لگا یاں تلک روئے کے سر دُکھنے لگا۔ اس شعر میں کونسی صنعت استعمال کی گئی ہے؟

(1) لف ونشر

(2) تجنیس

(3) مبالغہ

(4) حسن تعلیل

97. "ہر اک مکاں کو ہے مکیں سے شرف اسد۔۔۔مجنوں جو مر گیا ہے تو جنگل اداس ہے" اس شعر میں کون سی صنعت ہے؟

(1) ادماج

(2) رجوع

(3) غلو

(4) حسن تعلیل

98. "ایسی نظم جس کے ہر شعر کے قافیے الگ الگ ہوں لیکن ہر شعر کے دونوں مصرعے ہم قافیہ ہوں" اسے کیا کہتے ہیں؟

(1) غزل

(2) مثنوی

(3) نظم

(4) رباعی

99. قطعہ میں کم سے کم شعر ہوتے ہیں؟

(1) چار

(2) چھ

(3) دو

(4) تین

100. ایسی نظم جس کے اشعار میں ربط ہونا ضروری ہے مگر وزن، بحر، موضوع اور مطلعے کی پابندی نہ ہو، اسے کیا کہتے ہیں؟

(1) مثنوی

(2) رباعی

(3) غزل

(4) قطعہ

101. جس نظم میں نہ ردیف ہو نہ قافیہ۔ اور اگر کہیں ہو بھی تو کسی مسلمہ قاعدے کے ماتحت نہ ہو۔ اس نظم کو کہتے ہیں؟

(1) معرّیٰ نظم

(2) نثری نظم

(3) آزاد نظم

(4) رباعی

102. ترانہ بھی کہتے ہیں؟

(1) قطعے کو

(2) مثنوی کو

(3) رباعی کو

(4) مرثیے کو

103. "طوالت" کس نثری صنف کی اوّلین شرط ہے؟

(1) افسانہ

(2) داستان

(3) انشائیہ

(4) خاکہ

104. رپورتاژ "یادیں" کے رپورتاژ نگار کون ہیں؟

(1) قرۃ العین حیدر

(2) سجاد ظہیر

(3) عصمت چغتائی

(4) کرشن چندر

105. انشائیہ "وکیل" کے انشائیہ نگار ہیں؟

(1) ملّا رموزی

(2) پطرس بخاری

(3) رشید احمد صدیقی

(4) ممتاز مفتی

106. "انشائیہ" "کتے" کے مصنف ہیں؟

(1) رشید احمد صدیقی

(2) فرحت اللہ بیگ

(3) حسن نظامی

(4) پطرس بخاری

107. "مرا سینہ ہے مشرق آفتاب داغ ہجراں کا۔۔۔طلوع صبح محشر چاک ہے میرے گریباں کا" یہ شعر کس شاعر کا ہے؟

(1) آتش

(2) غالب

(3) ناسخ

(4) مومن

108. بادشاہ سے فقیری کا ہے پایا بالا     بوریا چھوڑ کے کیا تختِ سلیماں مانگوں     یہ شعر کس شاعر کا ہے؟

(1) میرؔ

(2) آتشؔ

(3) ناسخؔ

(4) دردؔ

109. "ثابت ہوا ہے گردن مینا پہ خون خلق۔۔۔لرزے ہے موجِ مے تری رفتار دیکھ کر" اس شعر کا خالق کون ہے؟

(1) ذوق

(2) بہادر شاہ ظفر

(3) غالب

(4) مومن

110. یہ کیا خبر تھی کہ لکنت پسند ہے ورنہ     زبان حضرت موسیٰ میں گفتگو کرتے     یہ شعر کس شاعر کا ہے؟

(1) غالبؔ

(2) عزیزؔ

(3) مومنؔ

(4) دردؔ

Adda247
GET IT ON Google Play

111. مندرجہ ذیل میں سے کون سی نظم چکبست کی ہے؟

(1) برقِ کلیسا
(2) آوازۂ قوم
(3) البیلی صبح
(4) مفلسی

112. کس شاعر نے کہا تھا "میں شاعر نہیں فلسفی اور پیغامبر ہوں"؟

(1) اسماعیل میرٹھی
(2) حالؔی
(3) جوشؔ
(4) اقبالؔ

113. مندرج ذیل میں سے کون سی نظم جوش ملیح آبادی کی نہیں ہے؟

(1) کسان
(2) البیلی صبح
(3) سلطنت
(4) شکست زنداں کا خواب

114. "ان کا سارا کلام خوبصورت تصویروں کی آرٹ گیلری ہے" یہ کس شاعر کے کلام کی خصوصیت بیان کی گئی ہے؟

(1) سلام مچھلی شہری
(2) چکبست
(3) ن۔م۔راشد
(4) اقبال

115. بہادر شاہ ظفر کے استاد تھے؟

(1) مومن
(2) ذوق
(3) شیفتہ
(4) شاہ نصیر

Adda247
GET IT ON Google Play

116. ذوق کا نام تھا؟

(1) مرزا محمد رفیع

(2) شیخ محمد ابراہیم

(3) میر ببر علی

(4) مرزا سلامت علی

117. ذوق کو "خاقانی ہند" کا خطاب کس بادشاہ نے عطا کیا تھا؟

(1) بہادر شاہ ظفر

(2) اکبر شاہ ثانی

(3) شاہ عالم ثانی

(4) محمد شاہ

118. ذوق کو کس ریاست کے دیوان نے مدعو کیا تھا؟

(1) رام پور

(2) حیدرآباد

(3) لکھنؤ

(4) جے پور

119. عمر گزری ہے اسی دشت کی سیاحی میں    پانچویں پشت ہے شبیر کی مداحی میں    میر انیس کی یہ مشہور بیت ان کے کس مرثیے میں ہے؟

(1) بخدا فارس میدان تہور تھا حر

(2) جب نوجواں سر شہ دیں سے جدا ہوا

(3) نمک خوان تکلم ہے فصاحت تیری

(4) یا رب چمن نظم کو گلزار ارم کر

120. "ایک قطرے کو جو دوں بسط تو قلزم کر دوں" یہ کس مرثیہ نگار نے کہا ہے؟

(1) میر خلیق

(2) میر انیس

(3) میر ضمیر

(4) مرزا دبیر

121. ''خلق میں مثل خلیق اور تھا خوش گو کوئی کب'' اس مرثیہ میں خلیق کس کا نام ہے؟

(1) میر انیسؔ کے بھائی

(2) میر انیسؔ کے بیٹے

(3) میر انیسؔ کے والد

(4) میر انیسؔ کے دادا

122. ''نمک خوانِ تکلّم ہے فصاحت میری'' ''اس مرثیہ'' کے ''چہرہ'' میں شاعر نے کس مضمون کو نظم کیا ہے ؟

(1) صبح کا منظر

(2) حمد و منقبت

(3) شاعرانہ عظمت

(4) رات کا سماں

123. داستان باغ و بہار میں نیم اوزے کے بادشاہ کی بیٹی کی شادی کس سے ہوتی ہے؟

(1) بزادخاں

(2) چین کے شہزادے

(3) خواجہ زادہ یمن

(4) عجم کے بادشاہ زادے

124. ''خردمند'' کردار کا تعلق کس داستان سے ہے؟

(1) بوستان خیال

(2) سب رس

(3) فسانہ عجائب

(4) باغ و بہار

125. ''خواجہ سگ پرست'' کا قصہ کس نے سنایا تھا؟

(1) پہلے درویش نے

(2) تیسرے درویش نے

(3) چوتھے درویش نے

(4) آزاد بخت نے

Adda247 GET IT ON Google Play

126. ڈرامہ انارکلی میں "عنبر" کس کی رازدار ہے؟

(1) دل آرام کی

(2) انارکلی کی

(3) سلیم کی

(4) اکبر کی

127. ڈرامہ "انارکلی" مشتمل ہے؟

(1) تین ایکٹ پر

(2) چار ایکٹ پر

(3) پانچ ایکٹ پر

(4) دو ایکٹ پر

128. امتیاز علی تاج کا انتقال کب ہوا؟

(1) 1950ء

(2) 1960ء

(3) 1970ء

(4) 1980ء

129. امراؤ جان کو دھوکے سے کس نے اغوا کیا تھا؟

(1) پیر بخش نے

(2) دلاور خاں نے

(3) گوہر مرزا نے

(4) شمشیر خاں

130. "بوا حسینی" کس ناول کا کردار ہے؟

(1) سودائی

(2) شکست

(3) سیر کوہسار

(4) امراؤ جان ادا

Adda247
GET IT ON Google Play

131. "امراؤ جان ادا" ناول میں فیض علی کون تھا؟

(1) نواب

(2) ڈاکو

(3) سوداگر

(4) معلّم

132. مندرجہ ذیل میں سے کون سا افسانہ افسانوی مجموعہ "واردات" میں شامل نہیں ہے؟

(1) گلّی ڈنڈا

(2) مالکن

(3) قاتل ماں

(4) نمک کا داروغہ

133. پریم چند کا پہلا افسانہ کس رسالہ میں شائع ہوا؟

(1) رسالۂ زمانہ

(2) رسالۂ ہنس

(3) رسالۂ آجکل

(4) رسالۂ دھرم یگ

134. 1929ء میں نول کشور پریس لکھنؤ کے ہندی نامہ "مادھوی" کا مدیر کون مقرر ہوا؟

(1) دیانرائن نگم

(2) نوبت رائے نظر

(3) منشی پریم چند

(4) منشی دوارکا پرشاد افق

135. "اے شوخ تجھ نین میں دیکھا نگاہ کر کر ۔۔۔۔ عاشق کے مارنے کا انداز ہے سراپا" یہ شعر کس شاعر کا ہے؟

(1) سراج اورنگ آبادی

(2) قلی قطب شاہ

(3) مرزا مظہر جانِ جاناں

(4) ولی دکنی

Adda247
GET IT ON Google Play

136. وہ نازنیں ادامیں اعجاز ہے سراپا خوبی میں گل رخاں سوں ممتاز ہے سراپا اس شعر کا خالق کون ہے؟

(1) قلی قطب شاہ

(2) سراج اورنگ آبادی

(3) ولی دکنی

(4) میر تقی میر

137. ''جو بھلے ہیں وہ بروں کو بھی بھلا کہتے ہیں---------'' مصرعہ ثانی کی نشان دہی کیجیے؟

(1) میں خطاوار اگر اس کو خطا کہتے ہیں

(2) نہ برا سنتے ہیں اچھے نہ برا کہتے ہیں

(3) اب کسی شے میں نہیں جس کو مزا کہتے ہیں

(4) غیر اپنی تو خبر لیں مجھے کیا کہتے ہیں

138. ''زمیں بدلی فلک بدلا مذاق زندگی بدلا---تمدن کے قدیم اقدار بدلے آدمی بدلا'' یہ شعر کس شاعر کا ہے؟

(1) فراق گورکھپوری

(2) فیض احمد فیض

(3) ناصر کاظمی

(4) شہریار

139. درد دل کیا ہے کھلا آج ترے لڑنے پر تجھ سے اتنی تھی محبت مجھے معلوم نہ تھا فراق کے اس شعر میں قافیہ کیا ہے؟

(1) محبت

(2) مجھے

(3) معلوم

(4) نہ تھا

140. اقبال کی نظم طلوع اسلام ان کے کس شعری مجموعے میں شامل ہے؟

(1) بانگ درا

(2) بالِ جبریل

(3) ضربِ کلیم

(4) ارمغان حجاز

Adda247 GET IT ON Google Play

141. علامہ اقبال نے "مصطفیٰ کمال" کی فتح پر بطورِ خراجِ تحسین کون سی نظم تخلیق کی تھی؟

(1) خضرِ راہ
(2) شعاعِ امید
(3) طلوعِ اسلام
(4) ذوق و شوق

142. کون سا شاعر پیدا تو ٹونک میں ہوا لیکن پرورش اور تربیت لاہور میں ہوئی؟

(1) مخمور سعیدی
(2) سہیل ٹونکی
(3) کیف ٹونکی
(4) اختر شیرانی

143. اختر شیرانی کی کس نظم میں عورت اور فطرت دونوں کا حسن موجود ہے؟

(1) اے عشق کہیں لے چل
(2) اے ابرِ رواں
(3) ساقی اٹھ تلوار اٹھا
(4) جنگ اور موسم

144. کیا شام کو اب بھی جاتے ہیں ۔ احباب کنارِ دریا پر؟
وہ پیڑ گھنیرے اب بھی ہیں ۔ شاداب کنارِ دریا پر؟
یہ اشعار اختر شیرانی کی کس نظم سے لئے گئے ہیں؟

(1) دیارِ عشق
(2) اے عشق کہیں لے چل
(3) جشنِ بہار
(4) او دیس سے آنے والے بتا

145. "چندر بدن و مہیار" کس کی لکھی ہوئی مثنوی ہے؟

(1) ملا وجہی
(2) محسن العشاق
(3) مقیمی
(4) امین

Adda247 GET IT ON Google Play

146. شیخ سعداللہ گلشن کے مشورے سے کس شاعر نے فارسی مضامین کو اردو شاعری میں نظم کیا؟

(1) ولی دکنی نے

(2) سراج اورنگ آبادی نے

(3) شیخ ظہورالدین حاتم نے

(4) شیخ برہان الدین جانم نے

147. انشاءاللہ خاں انشاء کی کتاب ''دریائے لطافت'' کا موضوع کیا ہے؟

(1) پند و نصائح

(2) تاریخ و سیاست

(3) ادب و قواعد

(4) حسن و عشق

148. شمالی ہند کے شاعر کی نشاندہی کیجئے۔؟

(1) نصرتی

(2) غواصی

(3) قطبی

(4) جعفرزٹلی

149. سرسید احمد خاں نے تاریخ سرکشی بجنور کب لکھی؟

(1) 1848ء

(2) 1850ء

(3) 1868ء

(4) 1878ء

150. اردو شاعری کو شمالی ہند کے کس شاعر نے ایہام گوئی سے پاک کیا؟

(1) آرزو

(2) مرزا مظہر جان جاناں

(3) مضمون

(4) آبرو

---

Adda247
GET IT ON Google Play

Space for Rough Work / रफ कार्य के लिये जगह

Adda247